# دفتر کنٹونمنٹ گوجرانوالہ

## نیلام عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ اپنی پرانی گاڑیاں جہاں ہیں جیسے ہیں کی بنیاد پر نیلام عام مورخہ 27 مئی، 2025 کو بوقت دن 11:00 بجے منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ مقررہ تاریخ کو بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 29 مئی، 2025 کو بوقت دن 11:00 بجے ہوگی۔ اس سلسلے میں کوئی علیحدہ اشتہار جاری نہیں کیا جائے گا۔ خواہش مند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اٹھاسکتے ہیں۔

**<u>گاڑیوں کی تفصیل درج ذیل ہے۔</u>**

| ماڈل | رجسٹریشن نمبر | نام گاڑی | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| 2017 | GAJ-159 | FAW Pickup | 01 |
| 2017 | GAJ-160 | FAW Pickup | 02 |
| 2017 | GAJ-161 | FAW Pickup | 03 |
| 2017 | GAJ-162 | FAW Pickup | 04 |
| 2017 | GAJ-11 | Dabang Tractor | 05 |
| 1996 | LOT-2088 | Suzuki Pickup | 06 |
| 2014 | GAJ-17 | Tractor MF-385 | 07 |
| 2013 | - | Tractor Trolly | 08 |
| 2013 | - | Tractor Trolly | 09 |
| 2016 | - | Water Bouzer | 10 |
| 2013 | - | Water Bouzer | 11 |
| 2013 | GAJ-12 | Qing-Qi | 12 |
| 2017 | GAJ-13 | Qing-QI | 13 |

## شرائط وضوابط:

1۔ خواہشمند بولی دہندگان کو نیلامی میں حصہ لینے سے قبل مبلغ 01 لاکھ روپے فی گاڑی بطور زر بیعانہ کسی بھی شیڈول بنک سے کال ڈیپازٹ کی صورت میں بحق کینٹ ایگزیکٹو آفیسر گوجرانوالہ کینٹ بمعہ اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی جمع کروانا ہوگا۔

2۔ ناکام بولی دہندگان کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ نیلام عام کی کاروائی کے بعد واپس کردی جائے گی۔ مزید برآں دوسرے نمبر پر موجود بولی دہندہ کو زر ضمانت بولی کے سات یوم بعد واپس کیا جائے گا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا 1/2 حصہ موقع پر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ موقع پر بولی کی مجموعی رقم کا 1/2 حصہ جمع کروانے میں ناکامی کی صورت میں جمع شدہ زر ضمانت بحق کینٹ بورڈ گوجرانوالہ ضبط کرلیا جائے گا۔ اور دوسرے نمبر پر موجود زیادہ بولی دینے والے بولی دہندہ کو کامیاب بولی کی رقم کا 1/2 حصہ جمع کروانے کا کہا جائے گا اور کامیاب بولی قبول کرنے کے بعد اگر وہ بھی ایسا کرنے میں ناکام رہا تو اس کا بھی زر ضمانت بحق کینٹ بورڈ ضبط کرلیا جائے گا اور مذکورہ بولی / نیلامی منسوخ کردی جائے گی اور اس سلسلے میں کوئی عذر / اعتراض یا اپیل قابل قبول نہ ہوگی۔

4۔ کسی دوسرے شخص کی طرف سے بولی میں حصہ لینے کے لیے متعلقہ شخص کی طرف سے مصدقہ مختار نامہ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی فراہم کرنا ہوگی۔

5۔ بولی کی مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری ملنے کے 07 یوم کے اندر بولی دہندہ کو بقیہ 1/2 رقم جمع کروانا ہوگی بصورت دیگر پہلے سے اداشدہ رقم بحق کنٹونمنٹ ضبط کرلی جائے گی۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا انکم ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قوانین کے مطابق یکمشت ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

7۔ کینٹ بورڈ PPRA رولز 2004 کے تحت کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کرنے کا مجاز ہے۔

8۔ نیلامی میں حصہ لینے والے افراد / فرم / کمپنیز کا FBR کی Active Tax Payer لسٹ پر ہونا لازمی ہے۔ ڈیفالٹر افراد / فرم / کمپنیز کو مذکورہ بولی میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔

9۔ نیلامی بمطابق قواعد وضوابط PPRA Rules, 2004 کے مطابق ہوگی۔ نیز نوٹس ہذا PPRA ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

10۔ نیلامی بارے مزید معلومات و گاڑیوں کی انسپیکشن دفتر کنٹونمنٹ بورڈ گوجرانوالہ سے دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(عبدالغفار)
کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
گوجرانوالہ کینٹ۔

Scanned with CamScanner